# بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز جمعہ مورخہ 29/جنوری 2021ء

نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

(1) محکمہ تعلیم (2) محکمہ منصوبہ بندی وترقیات

☆217 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔9.10.2019 پیش ہوا

کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔26/دسمبر 2019،11 ستمبر اور 27 2020 نومبر کو موخر شدہ

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مالی سال **2019-20** کے بجٹ میں ضلع واشک کے تعلیمی اداروں کو فعال بنانے کی غرض سے رقم مختص کی گئی ہے۔

(ب) اگر جز والف کا جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گئی ہے نیز مختص کردہ رقم میں سے جولائی 2019 تا تاحال جاری کردہ رقم کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر تعلیم**

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر واشک کی جانب سے موصولہ معلومات کے مطابق مالی سال 20-2019 میں ضلع واشک کے اسکولوں کو فعال بنانے کے لئے ترقیاتی بجٹ مختص نہیں کیا گیا ہے۔

☆218 میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔9.10.2019 پیش ہوا

کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 11 ستمبر اور 27 نومبر 2020 کو موخر شدہ

ضلع واشک میں قائم کردہ بوائز اور گرلز پرائمری اسکولوں کی کل تعداد کتنی ہے نیز ان میں تعینات کردہ جے وی ٹیچرز کے نام بمعہ ولدیت اور جائے سکونت کی اسکول وائز تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر تعلیم**

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر واشک نے رپورٹ دی ہے کہ ضلع واشک میں قائم بوائز اور گرلز پرائمری اسکولوں کی کل تعداد 218 ہے۔ جن کی تفصیل ذیل ہے۔

| بوائز پرائمری اسکول | بوائز مڈل اسکول | بوائز ہائی اسکول | کل تعداد |
|---|---|---|---|
| 122 | 16 | 17 | 155 |
| **گرلز پرائمری اسکول** | **گرلز مڈل اسکول** | **گرلز ہائی اسکول** | **کل تعداد** |
| 51 | 05 | 07 | 63 |

نیز ان اسکولوں میں تعینات جے وی ٹیچرز کے نام بمعہ ولدیت اور جائے سکونت کی اسکول وار تفصیل **آخر پر منسلک ہے**

☆219 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔9.10.2019 پیش ہوا

کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

ضلع واشک میں کل کتنے پرائمری اور مڈل اسکولوں کیلئے بلڈنگز تعمیر کی گئیں ہیں تفصیل دی جائے نیز جن جن پرائمری اور مڈل اسکولوں کیلئے تاحال بلڈنگز تعمیر نہیں کی گئیں ہیں کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر تعلیم۔**

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر واشک کی رپورٹ کے مطابق ضلع واشک کے کل 3 اسکولوں کی بلڈنگز تعمیر ہو چکی ہیں جبکہ 39 اسکولوں کی بلڈنگز تاحال تعمیر نہیں کی گئی ہیں تفصیل **آخر پر منسلک ہے**

☆_298 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونیکی تاریخ۔18.8.2020 پیش ہوا

کیا وزیر تعلیم ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 26 اکتوبر اور 27 نومبر 2020 کو مؤخر شدہ

محکمہ تعلیم میں اگست 2018 تا حال کل کسقدر تعیناتیاں عمل میں لائی جا چکی ہیں ضلع وار تفصیل دی جائے نیز تعینات کردہ ملازمین کے نام بمعہ ولدیت، عہدہ، گریڈ اور لوکل/ڈومیسائل کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر تعلیم۔**

محکمہ سیکنڈری ایجوکیشن بلوچستان کی جانب سے اگست 2018 تا حال نان ٹیچنگ اسٹاف کی مختلف کیڈرز کی کل 1274 آسامیوں پر تعیناتیاں عمل میں لائی گئیں ہیں ان کے نام بمعہ ولدیت، عہدہ، گریڈ، شناختی کارڈ نمبر اور لوکل/ ڈومیسائل کی ضلع وار تفصیل **ضخیم ہے لہذا اسمبلی لائبریری میں ملاحظہ فرمائیں۔**

☆345 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔8.9.2020

کیاوزیر تعلیم ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ 27 نومبر 2020 کو موخرشدہ پیش ہوا

یکم جنوری 2020 تا 7 ستمبر 2020 کے دوران ضلع کوئٹہ کے کن کن اسکولوں میں مرمت کا کام کیا گیا ان کے نام، علاقہ اور آمدہ لاگت کی اسکول وار تفصیل دی جائے۔ نیز ان کاموں کا ٹھیکہ جن جن ٹھیکداروں کو دیا گیا اُن کے نام اور کمپنی کے نام کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر تعلیم۔**

مذکورہ عرصہ کے دوران ضلع کوئٹہ کے کسی بھی اسکول میں مرمت کا کام نہیں کیا گیا۔

☆253 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔24.12.2019

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ پیش ہوا

مالی سال 20۔2019 کے پی ایس ڈی پی میں ایجوکیشن سیکٹر سے متعلق کل کتنے منصوبے شامل کیے گئے ہیں اور جون 2019 تا دسمبر 2019 کے دوران کل کتنے منصوبوں کی منظوری دی جا چکی ہے ضلعوار تفصیل دی جائے نیز محکمہ منصوبہ بندی وترقیات اور محکمہ خزانہ کی جانب سے منظور اور جاری کردہ فنڈ/رقم کی تفصیل بھی دی جائے۔

**وزیر منصوبہ بندی وترقیات**

محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کی جانب سے مالی سال PSDP2019.2020 میں ایجوکیشن سیکٹر سے متعلق کل 180 اسکیمات شامل کئے گئے ہیں تفصیل آخر پر منسلک ہے

☆254 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔24.12.2019

کیاوزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ پیش ہوا

مالی سال 2019.20 کے پی ایس ڈی پی میں صحت سیکٹر سے متعلق کل کتنے منصوبے شامل کیے گئے ہیں اور جون 2019 تا دسمبر 2019 کے دوران کل کتنے منصوبوں کی منظوری دی جا چکی ہے ضلعوار تفصیل دی جائے نیز محکمہ منصوبہ بندی وترقیات اور محکمہ خزانہ کی جانب سے منظور اور جاری کردہ فنڈ/رقم کی تفصیل بھی دی جائے۔

## وزیر منصوبہ بندی وترقیات

محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کی جانب سے مالی سال 2019.20 کے پی ایس ڈی پی میں محکمہ صحت سے متعلق ضلع وار 62 منصوبے شامل کئے گئے ہیں ان میں سے 52 منصوبے منظور ہوئے ہیں جن کی تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

☆ 349 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔8.9.2020

کیا وزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔ پیش ہوا

کیا یہ درست ہے کہ مالی سال 2021۔2020 کے بجٹ میں ضلع کوئٹہ میں روڈز/سڑکوں کی تعمیر کیلئے رقم/فنڈ مختص کی گی ہے اگر جواب اثبات میں ہے ان کے نام، لمبائی اور مختص کردہ لاگت کی روڈ/سڑک وار تفصیل دی جائے۔

## وزیر منصوبہ بندی وترقیات

جی ہاں یہ درست ہے کہ مالی سال 21-2020 کے بجٹ میں ضلع کوئٹہ میں روڈ سڑکوں کی تعمیر کے لیے رقم مختص کی گئی ہے۔ انکی ٹوٹل تعداد 46 ہے، ٹوٹل لمبائی 225 کلومیٹر ہے اور مختص کردہ کاگت 2,713 ارب روپے ہے روڈ/سڑک وار تفصیل آخر پر منسلک ہے ۔

☆ 358 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔24.9.2020

کیا وزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔۔ پیش ہوا

وفاقی پی ایس ڈی پی میں شامل اسکیم غزلی ڈیم قلعہ سیف اللہ کیلئے مالی سال 2020.2021 کے بجٹ میں کسقدر رفنڈ مختص کی گی ہے اور مختص کردہ رقم میں سے جون ۲۰۲۰ تک جاری کردہ رقم کی تفصیل دی جائے نیز مذکورہ ڈیم پر تعمیر کا کام کب تک شروع کیا جائے گا تفصیل بھی دی جائے

## وزیر منصوبہ بندی وترقیات

وفاقی PSDP 2020-2021 میں مذکورہ پروجیکٹ شامل نہیں کیا گیا ہے۔

☆ 359 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔24.9.2020

کیا وزیر منصوبہ بندی وترقیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔۔ پیش ہوا

مالی سال ۲۰۲۱۔۲۰۲۰ کے وفاقی پی ایس ڈی پی میں ضلع کوئٹہ سے متعلق کل کتنے ترقیاتی اسکیمات شامل کیے گئے ہیں اسکیم وار تفصیل دی جائے نیز ان شامل کردہ اسکیمات کیلئے وفاقی حکومت کی جانب جون ۲۰۲۰ تک جاری کردہ فنڈ/رقم کی اسکیم وار تفصیل بھی دی جائے

## وزیر منصوبہ بندی وترقیات

ہاں یہ درست ہے کہ مالی سال 2020-2021 کے وفاقی PSDP میں ضلع کوئٹہ کیلئے مختلف ترقیاتی اسکیمات شامل کر دیئے گئے ہیں تفصیل آخر پر منسلک ہے۔

سیکرٹری،
بلوچستان صوبائی اسمبلی

کوئٹہ
مورخہ 27/جنوری 2021